# 07-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کریم نگر میونسپل کارپوریشن انتخابات میں بی جے پی کی کامیابی کیلئے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔

۲۔کانگریس نے بی جے پی، مجلس اور سابق وزیر ہریش راؤ کے خلاف ریاست کے الیکشن کمیشن میں شکایت درج کرائی ہے۔

۳۔وزیر اعظم نریندر مودی اپنے دو روزہ دورے پر ملایشیاء کے دارالحکومت کوالالمپور پہنچ گئے ہیں، جہاں انہوں نے ایک بڑے کمیونٹی پروگرام میں شرکت کی۔

۴۔مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ ہندوستان ۔امریکہ عبوری تجارتی معاہدے کے تحت ہندوستانی برآمدات پر اب 50 فیصد ٹیرف کو کم کر کے 18 فیصد کر دیا گیا ہے۔

## UNION MINISTER MURUGUN

مرکزی مملکتی وزیر اطلاعات وتعلقات عامہ و پارلیمانی امور ڈاکٹر مُرگن نے کہا ہے کہ مرکزی بجٹ 2026 ملک کی جی ڈی پی پر توجہ مرکوز کرتا ہے، معیاری پیداوار میں اضافہ کرتا ہے، انفراسٹرکچر کو مستحکم کرتا ہے، غریب اور متوسط طبقہ کو اونچا اٹھاتا ہے، نوجوانوں کو بااختیار بناتا ہے اور خواتین زیر قیادت ترقی کو فروغ دیتا ہے۔انہوں نے پوڈیچری میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بجٹ میں نوجوانوں کو اہمیت دی گئی ہے اور اس کا مقصد ترقی کی نئی سطح تک ملک کو لے جانے کے لئے ان کے رول اجاگر کرتا ہے۔ بجٹ کے فائدوں کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بائیو فارما شکتی اسکیم دس ہزار کروڑ روپئے کے الاٹمنٹ کے ذریعہ پوڈیچری کو فائدہ پہنچائے گی جو بڑے پیمانہ پر جنریک دواوں کی پیداوار کے لئے جانی جاتا ہے۔

DROUPADI MURMU

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے آج چھتیس گڑھ کے خطہ بستر کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر جگدل پور میں بستر پانڈم فیسٹیول کا افتتاح کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بستر کے لوگ زندگی کو ایک جشن کی طرح گزارتے ہیں۔اس میلے کے ذریعہ ملک اور دنیا کو بستر کے علاقہ کی بھرپور قبائلی ثقافت کی جھلک دیکھنے کو ملتی ہے۔انہوں نے تشویش کا اظہار کیا کہ بستر گزشتہ چار دہائیوں سے ماؤنوازوں کے مسئلہ سے متاثر رہا ہے جس کا سب سے زیادہ نقصان قبائلی برادریوں، نوجوانوں اور دلت طبقات (SC) کو پہنچا۔انہوں نے واضح کیا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے ماؤنواز تشدد کے خلاف کی گئی فیصلہ کن کارروائی کے نتیجہ میں اب اس علاقہ میں برسوں سے چھائے خوف، عدم تحفظ اور بے اعتباری کے بادل چھٹ رہے ہیں۔

GOYAL-INDIA US PC

مرکزی وزیر کامرس وانڈسٹری پیوش گوئل نے کہا ہے کہ ہندوستان۔امریکہ عبوری تجارتی معاہدے کے تحت ہندوستانی برآمدات پر اب 50 فیصد ٹیرف کو کم کر کے 18 فیصد کر دیا گیا ہے۔ گوئل نے بتایا کہ ہندوستان میں چین، پاکستان، بنگلہ دیش اور ویتنام جیسے پڑوسی مما لک کے مقابلہ میں ٹیرف کم ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یہ ڈیل ملک کے زرعی اور ڈیری شعبوں کا مکمل تحفظ کرتی ہے۔ امریکہ میں اب ہندوستان کی زرعی مصنوعات پر کوئی ڈیوٹی نہیں لگے گی۔ان میں مصالحہ جات، چائے، کافی، کاجو، کیشو نٹ، ایوکاڈو، موز، آم، کیوی اور پپیتا شامل ہیں۔مرکزی وزیر نے مزید کہا کہ اس تجارتی معاہدہ کا ملک کے تمام شعبوں میں بڑے پیمانہ پر خیر مقدم کیا گیا ہے۔

DHARMAPURI

نظام آباد کے ایم پی دھرم پوری اروند نے آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اسمارٹ سٹیز کی نامزدگی کی مکمل ذمہ داری ریاستی حکومت کی ہے، اسی لئے وزیراعلیٰ کو اپنی ذمہ داریوں سے پہلوتہی نہیں کرنی چاہیے۔نظام آباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اروند نے گزشتہ روز وزیراعلیٰ کی جانب سے مرکزی حکومت پر کی گئی تنقید کا جواب دیا۔انہوں نے واضح کیا کہ مرکزی حکومت فنڈس فراہم کرتی ہے لیکن مقامی ڈھانچہ جیسے کہ ڈرینیج سسٹم اوراسٹریٹ لائٹس کی دیکھ بھال کرنا خالصتاً ریاستی حکومت کا فرض ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ ریاستی انتظامیہ مرکزی فنڈس کا غلط استعمال کررہی ہے اورعوامی خدمات میں کوئی ٹھوس بہتری لانے میں ناکام رہی ہے۔ بی جے پی ایم پی نے تنقید کی کہ خود وزیراعلیٰ کے تحت محکمہ بلدی نظم ونسق ہونے کے باوجود، صفائی کارکنوں کووقت پرتنخواہیں نہیں مل رہی ہیں۔انہوں نے ریونت ریڈی کومشورہ دیا کہ وہ پی سی سی قیادت کے نقش قدم پر چلنےاورصرف بیان بازی کرنے کے بجائے حکمرانی پرتوجہ دیں۔اروند کا دعویٰ ہے کہ ریاستی حکومت وسائل تو استعمال کررہی ہےلیکن عوام کوسہولیات فراہم کرنے میں مکمل طور پرناکام ثابت ہوئی ہے۔

BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے کمار نے کریم نگر میونسپل کارپوریشن انتخابات میں بی جے پی کی کامیابی کیلئے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔اپنی انتخابی مہم کے دوران انہوں نے شہر کے مختلف علاقوں جیسے راجستھان چوراہا،لویلا کالج اورراجارام کالونی میں منعقدہ اسٹریٹ کارنر میٹنگس میں شرکت کی اور پارٹی کی تائید میں ایک ریلی بھی نکالی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ کانگریس اور بی آر ایس کی کارکردگی انتہائی مایوس کن رہے گی۔ان کے مطابق شہر میں بی آر ایس اپنا اثرورسوخ کھوچکی ہےاور

وہ صرف 4 نشستوں تک محدود ہوسکتی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس اور مجلس کے درمیان پس پردہ گٹھ جوڑ ہے لیکن اس کے باوجود یہ دونوں مل کر بھی 20 نشستوں کا ہندسہ عبور نہیں کر پائیں گے۔ عوام کو سابقہ حکومت کی مبینہ بدانتظامی یاد دلاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کے دور میں اراضیات پر قبضوں میں ملوث 9 کارپوریٹرس کو گرفتار کیا گیا تھا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ کریم نگر کی سیاسی لہر اب مکمل طور پر زعفرانی پارٹی کے حق میں مڑ چکی ہے۔ بنڈی سنجے کا ماننا ہے کہ کریم نگر کے عوام بدعنوانی اور قبضوں کے خلاف بی جے پی کو موقع دینے تیار ہیں۔

## TTD CHAIRMAN BR NAIDU

ٹی ٹی ڈی کے چیئرمین بی آر نائیڈو نے حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں واقع سری وینکٹیشور سوامی مندر کے آئندہ برہموتسوم کا بروچر جاری کیا۔ انہوں نے کہا کہ مندر کا چھٹا سالانہ برہموتسوم اس ماہ کی 17 سے 25 تاریخ تک منعقد ہوگا۔ انہوں نے شہر بھر کے تمام شردھالوؤں کو ان تقاریب میں شرکت کرنے اور آشیرواد حاصل کرنے کی دعوت دی ہے۔

## CONGRESS COMPLAINT

تلنگانہ میں بلدی انتخابات کی مہم میں شدت آنے کے ساتھ ہی کانگریس پارٹی نے بی جے پی، مجلس اور سابق وزیر ہریش راؤ کے خلاف ریاست کے الیکشن کمیشن میں شکایت درج کرائی ہے۔ ٹی پی سی سی الیکشن کمیشن کوآرڈی نیشن کمیٹی کے چیئرمین پی راجیش کمار نے اسٹیٹ الیکشن کمشنر رانی کمدنی کو ایک مکتوب پیش کیا جس میں انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا الزام لگایا گیا ہے۔ کانگریس کا الزام ہے کہ محبوب نگر کے ایم وی ایس ڈگری کالج گراؤنڈ اور بودھن کے گورنمنٹ جونیئر کالج گراؤنڈ میں جلسے منعقد کئےگئے۔ یہ الیکشن کمیشن کے ان قواعد کی کھلی خلاف ورزی ہے جو تعلیمی اداروں کو سیاسی مہم کے لئے استعمال کرنے سے روکتے ہیں۔ پارٹی نے ان عہدیداروں اور

ریٹرننگ آفیسرسکے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے جنہوں نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ان جلسوں کی اجازت دی تھی۔ اس کے علاوہ، ہریش راؤ کے خلاف ووٹرس کو متاثر کرنے کے سلسلہ میں حالیہ بیان بازی پر بھی اعتراض کیا گیا ہے۔ریاستی الیکشن کمیشن سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ انتخابی عمل کی شفافیت برقرار رکھنے کے لئے ان شکایات پر فوری کارروائی کرے۔

PM MODI AND TRADE AGREEMENT

وزیراعظم مودی نے ہندوستان اور امریکہ کے درمیان ہونے والے عبوری تجارتی معاہدے کے فریم ورک کو دونوں مما لک کے درمیان بڑھتی ہوئی گہرائی، اعتماد اور متحرک تعلقات کا عکاس قرار دیا ہے۔سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ کے ذریعہ وزیراعظم مودی نے اس معاہدہ کو ایک بڑی خوشخبری قرار دیا اور امریکی صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے دونوں مما لک کے درمیان مضبوط تعلقات کے لئے ذاتی عزم کا اظہار کیا۔مودی نے کہا کہ یہ معاہدہ ہندوستا نکے محنتی کسانوں، کاروباری افراد، چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں ،اسٹارٹ اپس اور جدت پسندوں کے لیے نئے مواقع کھول کر میک ان انڈیا مہم کو مزید تقویت دے گا۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ یہ معاہدہ خواتین اور نوجوانوں کے لئے بڑے پیمانہ پر روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کا سبب بنے گا۔ یہ فریم ورک دونوں مما لک کے درمیان اقتصادی تعاون کو ایک نئی بلندی پر لے جانے کی علامت سمجھا جارہا ہے۔

MAHARASHTRA CM DEVENDRA FADNAVIS

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس نے ضلع آصف آباد کے کاغذنگر میں ایس پی ایم گراؤنڈ پر منعقدہ انتخابی مہم کے دوران کانگریس اور بی آر ایس پر شدید تنقید کی۔ان کے ہمراہ بی جے پی لیڈر رام چندر راؤ اور سرپور کے ایم ایل اے پلوائی ہریش بابو بھی موجود تھے۔دیویندر فڈنویس نے دعویٰ کیا کہ 2014 میں جب تلنگانہ بنا تھا تو یہ ایک فاضل بجٹ والی ریاست تھی لیکن کانگریس اور بی آر

ایس کی بدانتظامی نے اسے بھاری قرضوں میں دھکیل دیا ہے۔انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ بی جے پی تلنگانہ کے بلدی انتخابات میں ویسی ہی شاندار جیت درج کرے گی جیسی حال ہی میں مہاراشٹر میں حاصل کی ہے۔

RAMCHANDER RAO SOUND BYTE

فڈنویس نے کہا کہ وزیراعظم مودی کی قیادت میں ملک تیزی سے ترقی کررہا ہےاور 2047 تک ہندوستانا یک ترقی یافتہ ملک بن جائے گا۔ بی جے پی لیڈر رام چندرراؤ نے زوردیا کہ مقامی ترقی مرکزی فنڈس کی مرہونِ منت ہے۔انہوں نے بتایا کہ کاغذنگر کے لئے 600 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری مختص کی گئی ہے۔ایم ایل اے ہریش بابو نے کہا کہ مرکزی حکومت ملک بھر میں ریلوے اسٹیشنوں کو جدید بنارہی ہےاوراس منصوبہ میں کاغذنگر ریلوے اسٹیشن کو بھی خاص اہمیت دی جارہی ہے۔

FADNAVIS SOUND BYTE

ROAD SHOW:

سابق وزیراور بی آرایس لیڈر ہریش راؤ نے توپران میں ایک بڑے روڈ شواور جلسہ کی قیادت کی۔ اپنے خطاب کے دوران انہوں نے کہا کہ کانگریس کے دور میں توپران میں پانی کی شدید قلت تھی اورسپلائی تین دن میں ایک بار ہوتی تھی۔ ہریش راؤ نے کریڈٹ دیتے ہوئے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ کےسی آر نے ہر گھر کو نل کا کنکشن فراہم کرکے اس مسئلہ کو مستقل طور پر حل کیا۔انہوں نے یاددلایا کہ بی آرایس حکومت نے ہی توپران کو بلدیہ کا درجہ دیا، آرڈی او آفس قائم کیا اورفورلین ہائی ویز تعمیر کیں، جس سے شہر کا معیارزندگی بلند ہوا۔

Forensic Science :

خیریت آباد ڈی سی پی شلپا ولی اور فائر ڈی ایف او سری رام داس نے نا مپلی فارنسک سائنس لیبارٹری میں لگی آگ کے بارے میں تفصیلات فراہم کیں صبح 10 بجے لگی آگ پر 5 فائر انجنوں کی مدد سے قابو پالیا گیا ہے۔ابتدائی طور پر وجہ شارٹ سرکٹ بتائی جا رہی ہے۔آگ پہلی منزل پر موجود ضبط شدہ شواہد کے سیکشن میں لگی، جہاں اہم ہارڈ ڈسکس اور دستاویزات جل کر خاکستر ہو گئیں۔ دوسری منزل پر موجود کیمیکل لیبارٹری محفوظ ہے، جبکہ پہلی منزل پر پلاسٹک کا حساس سامان مکمل طور پر جل گیا ہے۔

PM Modi

وزیر اعظم نریندر مودی اپنے دوروزہ دورے پر ملائیشیاء کے دارالحکومت کوالالمپور پہنچ گئے ہیں، جہاں انہوں نے ایک بڑے کمیونٹی پروگرام میں شرکت کی ۔سلامت داتنگ مودی جی ( Selamat Datang Modi ji )ایونٹ میں تقریباً 15,000 ہندوستانی نژاد افراد نے شرکت کی۔مودی نے ہندوستانی تارکین وطن کو دونوں ممالک کے درمیان ایک زندہ پل اور دوستی کا مضبوط ستون قرار دیا۔کل وزیر اعظم مودی ملائیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم سے ملاقات کریں گے،جس کے بعد کئی یادداشت مفاہمت پر دستخط متوقع ہیں۔ 2024 میں تعلقات کو جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ تک بڑھانے کے بعد یہ ان کا پہلا دورہ ہے۔